دفتر افسر اعلی تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

# جامعہ ملیہ اسلامیہ میں نیشنل اورل ہائی جین ڈے دو ہزار پچیس منایا گیا

New Delhi, August 4, 2025

فیکلٹی آف ڈینٹسٹری، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے انڈین سوسائٹی آف پیری اوڈینٹولوجی کے اشتراک سے مرحوم ڈاکٹر جی بی شان واکر کی یاد میں یکم اگست دو ہزار پچیس کو 'نیشنل اورل ہائی جین ڈے' منایا۔ پروگرام کے انعقاد کا بنیادی مقصد منھ کی صفائی و صحت سے متعلق بیداری عام کرنا تھا۔اس موقع پر 'پنک گمس ، پنک ہیلتھ' تھیم پر ریل سازی سمیت متعدد مقابلے ہوئے جن میں طلبہ اور انٹرن نے جوش و سرگرمی کے ساتھ حصہ لیا۔انھوں نے منھ کی صفائی ستھرائی اور صحت کی اہمیت سے متعلق مریضوں کی بیداری کے لیے ایکشن اور مزاح کی مدد سے اپنی تخلیقی صلاحیتوں کا اظہار کیا۔ڈاکٹر کرتی چاولا، پروفیسر پیری اوڈینٹولوجی ،فیکلٹی آف ڈینٹسٹری نے 'گڈ اورل ہائجین پریٹکس' کے موضوع پر ایک ٹاک پیش کیا۔عام لوگوں کی معلومات کے لیے جامعہ ریڈیو نے اس ٹاک کو نشر کیا۔اس موقع پر منھ کی صفائی سے متعلق عہد لینے کے لیے ایک دیوار پر 'ٹیتھ فار لائف' بنایا گیا جہاں مریضوں ،طلبہ اور تدریسی و غیر تدریسی عملہ نے منھ کی صحت کے ساتھ ساتھ مجموعی طور پر صحت کے لیے منھ کی صفائی سے متعلق اچھی عادتیں اپنانے کا عہد کیا۔

ڈین، پروفیسر کیا سرکار اور پیروڈینٹولوجی کی پروفیسر آشو بھاردواج نے ریل سازی مقابلے کے فاتحین کو انعامات دے کر طلبہ کی حوصلہ افزائی کی۔پیروڈنٹولوجی کے فیکلٹی اراکین پروفیسر زیبا جعفری، پروفیسر نشاط سلطان اور زیر تربیت پی ڈی ایس اسکالروں نے او پی ڈی میں آنے والے مریضوں کو ان کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے اورل ہائی جین مشورے دیے اور بہترین اورل ہیلتھ عادت کی اہمیت پر زور دیا۔اورل ہائی جین کے سلسلے میں مزید بیداری کے لیے مریضوں میں ٹوتھ پیسٹ ،ٹوتھ برش ،ماؤتھ واش اور انٹر ڈینٹل ایڈ بھی تقسیم کیے گئے۔مریضوں ،فیکلٹی اراکین ،طلبہ اور انٹرن نے پروگرام کی بہت تعریف کی۔ڈینٹسٹری

فیکلٹی اس طرح کے بہترین اور معلوماتی پروگراموں کے انعقاد کے ذریعے اورل ہیلتھ کے فروغ اور بیداری کی سالانہ روایت کو برقرار رکھنے کے ساتھ آگے بھی اس کا اہتمام کرنے کی خواہاں ہے۔ پروفیسر مادھوری النکار سوائی کی رہنمائی وسرپرستی میں یہ پروگرام منعقد کیا گیا۔

**پروفیسر صائمہ سعید**
افسر اعلی، تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ